SCAN TO VERIFY
LAW DEPARTMENT
GOVERNMENT OF SINDH
www.sindhlaws.gov.pk

سندھ آرڈیننس نمبر IV مجریہ 1986

SINDH ORDINANCE NO.IV OF 1986

سندھ زرعی یونیورسٹی (ترمیم) آرڈیننس، 1986

THE SINDH AGRICULTURE UNIVERSITY (AMENDMENT) ORDINANCE, 1986

فہرست (CONTENTS)

تمہید (Preamble)

1. مختصر عنوان اور شروعات

Short title and commencement

2. 1977 کے سندھ ایکٹ کے نمبر V دفعہ 2 کی ترمیم

Amendment of Section 2 of Sind Act, V Of 1977

3. 1977 کے سندھ ایکٹ کے V کی دفعہ 15 کی ترمیم

Amendment of Section 15 of Sind Act, V Of 1977

4. 1977 کے سندھ ایکٹ V کے دفعہ 17 کی ترمیم

Amendment of Section 17 of Sind Act, V Of 1977

5. 1977 کے سندھ ایکٹ V کے دفعہ 26 کی ترمیم

Amendment of Section 26 of Sind Act, V Of 1977

6. 1977 کے سندھ ایکٹ V میں دفعہ 28-A کا اضافہ

Insertion of Section 28-A in Sindh Act V of 1977

سندھ آرڈیننس نمبر IV مجریہ 1986

SINDH ORDINANCE NO.IV OF 1986

سندھ زرعی یونیورسٹی (ترمیم) آرڈیننس، 1986

THE SINDH AGRICULTURE UNIVERSITY (AMENDMENT) ORDINANCE, 1986

[۳۰ جولائی، ۱۹۸۶]

تمہید (Preamble)

آرڈیننس جس کے ذریعے سندھ زرعی یونیورسٹی ایکٹ، 1977 میں ترمیم کی جائے گی۔

جیسا کہ سندھ زرعی یونیورسٹی ایکٹ، 1977 میں ترمیم کرنا مقصود ہے، جو اس طرح ہو گی؛

اور جیسا کہ صوبائی اسمبلی کا اجلاس نہیں چل رہا ہے اور سندھ کا گورنر مطمئن ہے کہ موجودہ حالات میں ہنگامی اقدام اٹھانے ضروری ہو گیا ہے؛

اب اس لیئے، اسلامی جمہوریہ پاکستان کے آئین کے آرٹیکل ۱۲۸ کی شق (۱) کے تحت ملے ہوئے اختیارات کو استعمال میں لاتے ہوئے گورنر سندھ نے مندرجہ ذیل آرڈیننس بنا کر نافذ کرنا فرمایا ہے:

مختصر عنوان اور شروعات
Short title and

1. (1) اس آرڈیننس کو سندھ زرعی یونیورسٹی (ترمیم) آرڈیننس، 1986 کہا جائے گا۔

(2) یہ فی الفور نافذ ہو گا۔ commencement

2. سندھ زرعی یونیورسٹی ایکٹ، 1977 میں، جس کو اس کے بعد مذکورہ ایکٹ کہا جائے گا، اس کی دفعہ 2، کی شق (i) کے بعد، مندرجہ ذیل اضافہ کیا جائے گا: 1977 کے سندھ ایکٹ کے نمبر V دفعہ 2 کی ترمیم Amendment of Section 2 of Sind Act, V Of 1977

"(ii) "پرووائیس چانسیلر" مطلب یونیورسٹی کا پرووائیس چانسیلر؛".

3. مذکورہ ایکٹ کی دفعہ 15 کی ذیلی دفعہ (1) کی شق (i) کے بعد، مندرجہ ذیل اضافہ کیا جائے گا: 1977 کے سندھ ایکٹ کے V کی دفعہ 15 کی ترمیم Amendment of Section 15 of Sind Act, V Of 1977

"(i-a) پرووائیس چانسیلر؛".

1977 کے سندھ ایکٹ V کے دفعہ 17 کی ترمیم
Amendment of Section 17 of Sind Act, V Of 1977

4. مذکورہ ایکٹ کی دفعہ 17 کی ذیلی دفعہ (1) کی شق (i) کے بعد، مندرجہ ذیل اضافہ کیا جائے گا:
"(i-a) پرووائیس چانسیلر؛".

1977 کے سندھ ایکٹ V کے دفعہ 26 کی ترمیم
Amendment of Section 26 of Sind Act, V Of 1977

5. مذکورہ ایکٹ کی دفعہ 26 کی شق (i) کے بعد، مندرجہ ذیل اضافہ کیا جائے گا:
"(i-a) پرووائیس چانسیلر؛".

1977 کے سندھ ایکٹ V میں دفعہ 28-A کا اضافہ
Insertion of Section 28-A in Sindh Act V of

6. مذکورہ ایکٹ کی دفعہ 28 کے بعد، مندرجہ ذیل اضافہ کیا جائے گا:
("پرووائیس چانسیلر) 28-A. (1) چانسیلر وائیس چانسیلر سے مشورہ کے بعد مین کیمپس یا اضافی کیمپس کے لئے، اگر کوئی ہو، ایک پرووائیس چانسیلر مقرر کر سکتا ہے یا دونوں کیمپسز کے لئے مشترکہ طور یا الگ الگ، ایسے شرائط اور ضوابط پر

1977

اور اتنی مدت کے لئے جو بیک وقت چار سال سے زیادہ نہ ہو جیسا کہ چانسلر طئے کرکے مقرر کر سکتا ہے۔

(2) جہاں ایک پرو وائیس چانسلر ذیلی دفعہ (1) تحت مقرر کیا جاتا ہے، وہ اس ایکٹ سے ٹکرائو میں آنے کے سوائے، وائیس چانسلر کے ایسے اختیار اور کام سرانجام دے سکتا ہے اور ایسے دوسرے اختیار اور کام، کیمپس کے سلسلے میں، جس لئے مقرر کئے گئے ہے، جس طرح چانسلر کام سونپے۔''۔

نوٹ: آرڈیننس کا مذکورہ ترجمہ عام افراد کی واقفیت کے لئے ہے، جسے کورٹ میں استعمال نہیں کیا جاسکتا۔